تبصرے

درود و سلام | از مولانا نور محمد صاحب مظاہری تقطیع خورد ضخامت ۷۲ صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت ۱۰ ار پتہ: مکتبہ نورانی کنز العلوم ٹانڈہ ضلع فیض آباد۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر درود و سلام بھیجنا ایک بہت بڑی نیکی ہے اور اس کی دلیل اس سے بڑھ کر اور کیا ہوگی کہ قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ نے اس کا حکم دیا ہے اور اس لئے دیا ہے کہ اللہ تعالیٰ خود بھی اور تمام فرشتے آپ پر درود بھیجتے ہیں۔ اس رسالہ میں درود کے فضائل و برکات اور اس سلسلہ میں چند متعلقہ امور پر گفتگو کر کے مسلمانوں کو اس اہم کار خیر وفلاح کی طرف متوجہ کیا گیا ہے۔ رسالہ عام مسلمان مردوں اور عورتوں کے مطالعہ کے لائق ہے۔

تکفیری افسانے | از مولانا نور محمد صاحب مظاہری تقطیع خورد ضخامت ۱۹۰ صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت مجلد دو روپے مذکورہ بالا پتے سے ملے گی۔

بدقسمتی سے ہندوستان میں علما کا ایک طبقہ ایسا ہے جو مذہبی معاملہ ہو یا سیاسی۔ دینی ہو یا دنیوی کسی امر میں بھی اپنی مخالفت کا اظہار اس کے سوا اور کسی طریقہ سے کر ہی نہیں سکتا کہ اپنے مخالف کو کافر قرار دے۔ اس کو مرتد اور ملعون کہہ کر عذاب جہنم کا مستحق قرار دے۔ اس گروہ کے ناوک تکفیر کی ہمہ گیری کا یہ عالم ہے کہ اس کی زد سے نہ دیوبند بچا اور نہ ندوہ۔ نہ فرنگی محل محفوظ رہا اور نہ علی گڈھ۔ نہ نیشلسٹ مسلمان کو امان ملی نہ لیگی کو۔ اس کتاب میں اسی قسم کی تمام تحریروں کے اقتباسات یکجا کردئے گئے ہیں۔ لیکن کتاب کا نام اگر تکفیری نشانے ہوتا تو زیادہ موزوں رہتا۔ بہر حال لائق مرتب کو معلوم ہونا چاہئے کہ صاحب کو دل نہ دینے پر خواہ کتنا ہی غرور ہو وہ ایسے غیرت مند کہاں ہیں کہ یہ کاغذی آئینہ دیکھ کر اپنا سا منھ لے کر رہ جائیں۔ جو لوگ اس خاص قسم کی مذہبی تحریروں کا ذوق رکھتے ہوں ان کو یہ کتاب ضرور پڑھنی چاہئے۔

رسالہ نجاتیہ | تقطیع متوسط ضخامت ۵۶ صفحات کتابت وطباعت بہتر قیمت ۱۲ ر